وہ قابل رشک ہے۔ آپ حضرات علماء کرام کے منظور نظر اور نہایت ہی قابل اعتماد بزرگ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ سے کئی طریقوں سے خدمت لی ہے جو ان کی کرامت کہی جاوے تو کوئی مبالغہ نہ ہوگا خصوصاً موجودہ دور میں جبکہ قرآن کی تعلیم سے بے التفاتی برتی جارہی ہے آپ کی ساتوں سات اولاد (جن میں پانچ بچیاں بھی ہیں) برطانیہ جیسے ایما سوز ملک میں حافظ قرآن ہوئیں۔ اور دو صاحبزادگان ماشاء اللہ دینی حلقوں میں خوب مشہور و معروف ہیں۔ مولانا محمد اقبال سلمہٗ کے مضامین "الحق" میں چھپنے شروع ہوگئے ہیں اور مولانا محمد بلال سلمہٗ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا نور اللہ مرقدہٗ کے آخری خلیفہ ہیں۔

اسی ایک خوبی سے آپ کی پردہ والی کتاب کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اکابر علماء مشائخ اور عامۃ المسلمین نے بے حد پسند کیا اور ایک دوست نے اس کا پشتو زبان میں ترجمہ بھی شروع کردیا ہے امید ہے کہ یہ قیمتی کتاب انشاء اللہ تعالیٰ خوب معروف و مقبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کرے یہ کتاب ہر زبان میں شائع ہو اور ہر مسلمان کے گھر میں موجود ہو موجودہ دور میں اس کی سخت ضرورت تھی جو اللہ تعالیٰ نے محترم باوا صاحب سے پوری کروالی۔

جناب باوا صاحب نے لکھا ہے کہ اس کا کوئی حق محفوظ نہیں ہے جو بھی شخص اسے اعلیٰ معیار پر چھپوانا چاہے چھپوا سکتا ہے، البتہ آپ کی اجازت ضروری نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ باوا صاحب کی اس سعی کو قبول فرماوے اور م مفید کتابیں لکھنے اور شائع کرنے کی توفیق بخشے آمین

اسلام اور قوالی

تصنیف: حضرت مولانا مفتی حفیظ الرحمن صاحب مدظلہٗ۔ صفحات قیمت
ناشر: المکتبۃ العلمیہ اوگی مانسہرہ

حضرت العلامہ مولانا مفتی حفیظ الرحمن صاحب، جید عالم، فرق باطلہ پر نظر رکھنے والے، دینی درد سے سرشار صاحب قلم اور مخلص اہل علم ہیں۔ پیش نظر کتاب "اسلام اور قوالی" ان کے سلسلہ تصانیف میں سب سے نمایاں ممتاز کتاب ہے، مروجہ قوالی، سماع اور اس کی شرعی حیثیت، اس کا آغاز و انجام، قرآن و سنت کی روشنی میں اس کے مضرات و احکام اور قوالی کو جائز سمجھنے والوں کے دلائل کا بودا پن، ان کا ناقابل اعتبار استناد پھر اس موضوع سے متعلق اور مناسبت رکھنے والے متعلقہ تمام مباحث و امور پر تفصیل سے بحث کی ہے۔

موصوف کو اللہ نے وسعت مطالعہ، تحقیق و تدقیق اور سیال قلم سے نوازا ہے۔ اس موضوع پر قلم اٹھایا تو ایک ضخیم کتاب لکھ ڈالی، برادرم حضرت مولانا مفتی غلام الرحمن صاحب کا پیش لفظ اپنی جگہ شاندار اور جاندار تحریر ہے ارباب ذوق اور اہل علم توقع سے زیادہ اس کی پذیرائی کریں گے۔ کاغذ عمدہ طباعت شاندار اور جلد مضبوط اور ڈائی دار ہے قیمت بھی واجبی ہے۔